سوال

(604)کتنے مال پر زکواۃ واجب ہے ؟ اور کس کو دینی چاہیے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

کتنے مال پر زکواۃ واجب ہے۔ اور کس کو دینی چاہیے۔ مال تجارت میں زکواۃ کا کیا طریقہ ہے۔ نفع پر ہے یا راس المال پر مسجد یا مدرسہ میں خرچ کر سکتے ہیں یا نہیں ؟ (چراغ الدین از کلکتہ)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

شرعی حساب میں آجکل تخمیناپچاس روپے کا ہے۔ مال تجارت میں بھی اصل مال میں فی سینکڑہ دو روپیہ آٹھ آنہ سال کی زکواۃ ہے جو علماء زکواۃ میں تملیک شرط کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک مسجد اور کنویں پر زکواۃ کا صرف کرنا جائز نہیں۔ جو علماء زکواۃ میں محض نفع رسانی مراد رکھتے ہیں۔ ان کے نزدیک مدرسہ اور مساجد میں زکواۃ کا لگانا جائز ہے۔ إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ ٦٠ سورة التوبة

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص751

محدث فتویٰ